صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز جمعة المبارک مورخہ 25 اکتوبر 2013ء بمطابق 19 ذوالحجہ 1434 ہجری بعد از دوپہر چار بجکر چالیس منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، اسد قیصر مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیمِ۔

اَلْھٰکُمُ التَّکَاثُرُO حَتّٰی زُرْتُمُ الْمَقَابِرَO کَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُونَO ثُمَّ کَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُونَO کَلَّا لَوْ تَعْلَمُونَ عِلْمَ الْیَقِینِO لَتَرَوُنَّ الْجَحِیمَO ثُمَّ لَتَرَوُنَّھَا عَیْنَ الْیَقِینِO ثُمَّ لَتُسْئَلُنَّ یَوْمَئِذٍ عَنِ النَّعِیمِ۔

(ترجمہ): (لوگو) تم کو (مال کی) بہت سی طلب نے غافل کر دیا۔ یہاں تک کہ تم نے قبریں جا دیکھیں۔ دیکھو تمہیں عنقریب معلوم ہو جائے گا۔ پھر دیکھو تمہیں عنقریب معلوم ہو جائے گا۔ دیکھو اگر تم جانتے (یعنی) علم الیقین (رکھتے تو غفلت نہ کرتے)۔ تم ضرور دوزخ کو دیکھو گے۔ پھر اس کو (ایسا) دیکھو گے (کہ) عین الیقین (آ جائے گا)۔ پھر اس روز تم سے (شکر) نعمت کے بارے میں پرسش ہو گی۔ وآخِرُ الدَّعْوَانا اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِینَ

جناب سپیکر: جزاکم اللہ۔

محترمہ نگہت اورکزئی: پوائنٹ آف آرڈر، جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: یہ رخصت کیلئے کچھ درخواستیں آئی ہیں، اس کے بعد آپ بات کرلیں۔

اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: جناب سعید گل صاحب 25 اکتوبر 2013، جناب فضل حکیم صاحب 25 اکتوبر 2013، مسماۃ نجمہ شاہین 25 اکتوبر 2013، جناب وجیہہ الزمان صاحب 25 اکتوبر 2013، مسماۃ نسیم حیات صاحبہ 25 اکتوبر 2013، مسماۃ نادیہ شیر صاحبہ 25 اکتوبر 2013، جناب صالح محمد صاحب 25 اکتوبر 2013، راجہ فیصل الزمان صاحب 25 اکتوبر 2013، ملک بہرام خان 25 اکتوبر 2013، میں ہاؤس کے سامنے ان کی درخواستیں رکھ رہا ہوں آپ سے منظوری کیلئے، منظور ہے؟

(تحریک منظور کی گئی)

جناب سپیکر: میڈم نگہت اورکزئی۔

رسمی کارروائی

محترمہ نگہت اورکزئی: جناب سپیکر صاحب! آپ کو ہم اس ہاؤس میں دوبارہ اس چیئر پہ، آپ اتنی مبارک سعادت حاصل کر کے آئے ہیں، اس ہاؤس کی طرف سے ہم آپ کو حج کی اس سعادت پر جو آپ نے حاصل کی ہے اور آپ نے جو پاکستان کیلئے یا آپ نے اپنے خیبر پختونخوا کیلئے، آپ نے جو ہمارے لئے وہاں پہ دعائیں کی ہیں، ہم آپ کو یہاں پر خوش آمدید بھی کہتے ہیں، ہم آپ کو حج کی مبارکباد بھی دیتے ہیں اور ہم سمجھتے ہیں کہ آپ کی دعائیں ان شاء اللہ تعالیٰ جو آپ نے وہاں پر مانگی ہیں اور جتنے لوگ بھی حج کیلئے گئے ہونگے، ان سب نے خیبر پختونخوا کیلئے اور ان سب نے پاکستان کی یکجہتی کیلئے، اس کی سلامتی کیلئے جو دعائیں مانگی ہیں، وہ ضرور قبول ہونگی، ہم آپ کی اس چیئر کا احترام بھی کرتے ہیں، چاہے آپ ہوں، چاہے ڈپٹی سپیکر صاحب ہوں، آپ دونوں صاحبان نے ہمارے ساتھ، آپ ہوں یا ڈپٹی سپیکر صاحب ہوں، میں یہاں پہ آپ دونوں کو خراج تحسین بھی پیش کرتی ہوں کہ آپ جس طریقے سے ہمارے لئے، آپ ہمیں اپوزیشن نہیں سمجھتے، آپ ہمیں اپنے گھر کے لوگ، اپنا یہاں پہ ایک فیملی کی طرح آپ لوگوں نے ہمارے ساتھ یہاں پر بات بھی

کی ہے، ہمیں ہمیشہ بات کرنے کا موقع بھی دیا ہے لیکن جناب سپیکر صاحب، اگر آپ دیکھیں تو صحافیوں کی گیلری کل سے خالی ہے، ابھی تک ان کو کوئی لا نہیں سکا ہے کیونکہ ان کی کچھ جو بھی ڈیمانڈز ہیں، وہ تو گورنمنٹ کا کام ہے پوری کرنا، وہ میرا یا اپوزیشن کا کام نہیں ہے لیکن جناب سپیکر صاحب! چونکہ آپ ہمارے ہاؤس کے کسٹوڈین ہیں، آپ بھی اور ڈپٹی سپیکر صاحب بھی جب اس کرسی پر بیٹھے ہوتے ہیں اور ویسے بھی، جناب سپیکر صاحب! آج میں ایک سلیکٹ کمیٹی میں اوپر بیٹھی ہوئی تھی اور ایک خاتون جب یہاں پہ اسمبلی میں آتی ہے جناب سپیکر، تو میں نے پہلے بھی یہ عرض کیا تھا کہ وہ خاتون جب پولیٹیکل طور پر اس کی پارٹی اس کو سمجھتی ہے کہ وہ ایک Mature اور ذہنی طور پر پولیٹیکل ہے اور وہ ایک ورکر ہے ایک پارٹی کی، تو وہ اس کو تب ہی Nominate کر کے اور تب ہی اس کو Elect کروا کے اس اسمبلی کے فلور پر لیکر آتی ہے اور وہ اس کو بٹھاتی ہے۔ جناب عالی، Consecutively third term ہے میرا لیکن اب مجھے جناب سپیکر صاحب چونکہ شکایت میں نے آپ سے ہی کرنی ہے کیونکہ آپ ہی اس ہاؤس کے بڑے ہیں اور ظاہر ہے ڈپٹی سپیکر صاحب ہیں، آپ ہیں، باقی وزراء سے تو ہمیں کوئی مطلب اچھائی کی امید ہے ہی نہیں کہ وہ ہماری بات سنیں گے، تو میں سمجھتی ہوں کہ آج جب اوپر ایک سلیکٹ کمیٹی لوکل باڈیز کی ایک میٹنگ ہو رہی تھی، میں اور میری دوسری Colleague جن کا نون لیگ سے تعلق ہے جناب سپیکر صاحب، ہم لوگوں نے جب بات کی تو ہمارے ایک منسٹر صاحب، وہ تو اکثر باتیں ایسی کر جاتے ہیں کہ جو میڈیا میں مطلب کافی دلچسپ ہوتی ہیں لیکن ایک دم انہوں نے مجھے مخاطب کرتے ہوئے یہ بات کی کہ میں جب سکول جایا کرتا تھا تو سائیکل پر جب میں ہوتا تھا تو ایک بلی درخت پہ بیٹھ کر دھوپ سینک رہی ہوتی تھی تو میرا جی چاہتا تھا کہ کاش میں یہ بلی ہوتا تاکہ دھوپ سینک رہا ہوتا تو اسی طرح ابھی میری خواہش یہ بن رہی ہے کہ کاش میں ایک عورت ہوتا اور میں Reserved seat پہ بغیر کسی تگ و دو کے، بغیر کسی مشکل کے، بغیر کسی اس کے آجاتا اور جناب سپیکر صاحب، آپ کو اچھی طرح پتہ ہے کہ اس وقت عورتوں کے بارے میں کیا حالات ہیں، کیا حالات نہیں ہیں؟ وہ میں اس ہاؤس میں ڈسکس نہیں کرنا چاہتی۔ جناب سپیکر صاحب، میں آپ سے، آپ کی پارٹی سے یا ان لوگوں سے بالکل ناراض نہیں ہوں جو ادھر بیٹھے ہوئے ہیں اور آج مجھے سر ایک اور بات پر بھی آپ سے رولنگ ضرور لینی ہے کہ شہید ہونے کے بعد کیا مجھے پیکج آدھا ملے گا یا

پورا ملے گا، مرد کے برابر پیکج ملے گا یا وہی آدھا پیکج ملے گا کہ یہ عورت ہے؟ اور ظاہر ہے کہ شہادت تو ہم نے مانگنی ہے اللہ تعالیٰ سے اور اللہ تعالیٰ ہمیں شہید کرے، تو اس میں بھی رولنگ دیں اور جب آپ کی رولنگ آ جائے گی تو جناب سپیکر، میں اس وزیر کے خلاف، گورنمنٹ کے خلاف نہیں، آپ کی چیئر کے خلاف نہیں، ڈپٹی سپیکر صاحب کے خلاف نہیں، اس ہاؤس کے خلاف نہیں لیکن میں اس منسٹر کے خلاف، شاہ فرمان صاحب کے خلاف کیونکہ یہ ہمیشہ ایسی بات کر جاتے ہیں کہ جس سے کہ عورتوں کے، اور میں نے ہمیشہ یہ کہا ہے کہ عورت جب آتی ہے اس اسمبلی کے اندر تو وہ اپنی جنس کو باہر چھوڑ کر آتی ہے، وہ یہاں پر ممبر پارلیمنٹ ہوتی ہے، وہ نہ کوئی عورت ہوتی ہے، نہ مرد ہوتا ہے، نہ کچھ اور، صرف ممبر پارلیمنٹ ہوتی ہے۔ جناب سپیکر صاحب، میں ان کی اس بات پہ دوبارہ یہ کہونگی کہ آپ ہمارے لئے، ڈپٹی سپیکر صاحب ہمارے ہاؤس کے کسٹوڈین ہیں، آپ ہمارے لئے محترم ہیں لیکن میں اس بات پہ واک آؤٹ کرتی ہوں اور اس وقت تک میرا یہ واک آؤٹ جاری رہے گا شاہ فرمان کے خلاف کہ جب تک اس ہاؤس سے عورتوں کو یہ یقین دہانی نہیں کروادی جاتی کہ وہ مردوں کے بالکل برابر ہیں اور وہ مردوں کے ساتھ جو ہیں، وہ یہاں پر Elect ہو کر آئی ہیں اور ان کی وہی حیثیت ہے، ان کا وہی منصب ہے، وہ پولیٹیکل ہیں اور پولیٹیکل طور پر وہ Mature ہیں اسی لئے آج وہ ان سیٹوں پر آکے بیٹھی ہوئی ہیں ورنہ گلی کوچے کی کسی عورت کو جو ہے، وہ یہ سیٹ نصیب نہیں ہوتی ہے۔ تھینک یو، جناب سپیکر۔

(اس مرحلہ پر خاتون رکن اسمبلی ایوان سے واک آؤٹ کر گئیں)

جناب سپیکر: میرے خیال میں شاہ فرمان صاحب! اس کا جواب دیں۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: اچھا، منور صاحب! آپ بات کرنا چاہتے ہیں اس پہ؟

جناب شاہ حسین خان: بالکل دغې سره Related-----

جناب منور خان ایڈوکیٹ: دې سره متعلق سر-----

جناب سپیکر: شاہ حسین بات کریں۔ شاہ حسین صاحب! بات کریں اس پر، شاہ حسین صاحب۔

جناب شاہ حسین خان: دا سې ده جي، نګهت بی بی خو ډیره قابل احترام ده او دا نه بلکه دې هاؤس کښې چې څومره زنانه دی، دا قابل احترام دی۔ خبره دا سې نه وه جي، زمونږ میټنګ شروع وو، ښه ښائسته انداز سره میټنګ چلیدو، شاه فرمان صاحب دا خبره څه قصداً یا دغه نه نه ده کړې جي، دا خبره هغوی از راه مذاق کړې ده، د زنانو باره کښې ئے نه ده کړې خو مطلب ئے دا وو چې دا د زنانو راتلل دلته کښې نسبتاً اسان دی، زمونږ د سړو راتلل ګران دی ځکه چې مونږ هلته کښې الیکشن کوؤ، مونږ ته تکلیف وی، د هغې د وجې نه دا دغه ئے کړے دے، څه دغه نه ئے نه دے کړے چې ګڼې یا څه د چا تذلیل د هغوی مقصد وو یا د چا خفه کول د هغوی مقصد وو۔ زه د چا وکالت نه کوم خو شاه فرمان صاحب په دې سلسله کښې مکمل بې ګناه دے جي، صرف د مذاق په طور باندې ئے خبره کړې ده (تالیاں) او د چا د تذلیل خبره ئے نه ده کړې۔

جناب سپیکر: منور صاحب۔ منور صاحب۔

جناب منور خان ایڈووکیٹ: تھینک یو، سر۔ آج میں بھی، شاہ فرمان نے میٹنگ میں جو بات کی ہے، اس کو میں سپورٹ کرتا ہوں۔ سر، کوئی ایسی غلط بات اس نے کی ہی نہیں ہے بلکہ مثال پیش کی ہے کہ جنوری کا مہینہ تھا، سخت سردی تھی، سائیکل پر میں جارہا تھا سکول، تو دھوپ کیلئے دیوار پر ایک بلی بیٹھی تھی، تو وہ کہہ رہا تھا کہ میرے ساتھ جو ساتھی تھا، اس نے کہا کہ یار اگر میں بلی ہوتا تو اس طرح میں دھوپ میں آرام سے بیٹھتا اور ہم سکول جارہے ہیں سائیکل پر اور کتنی سردی ہے، تو اس نے اسی مذاق کے طور پر وہ کہا تھا، اس نے کہا کہ یار جیسے فیمیل کیلئے الیکشن کا جو پروسیجر ہے، اس پروسیجر میں تو آسانیاں ہیں، ہم یہ ایم پی ایز بن کر کتنی مصیبتوں سے نکلتے ہیں؟ جاتے ہیں گاؤں گاؤں اور یہ ان کیلئے میں تو کہتا ہوں کہ یہ آسانیاں ہیں، اس نے تو کوئی ایسی بری بات ہی نہیں کی، اس نے کہا کہ الیکشن میں ہم ایم پی ایز ان کو، وہاں پارٹی ان کو نامزد کرلیتی ہے کہ فلاں فلاں ہماری وہ فیمیل Reserved seat پر ہوگی، تو اس میں میرے خیال میں کوئی ایسی بات نہیں ہے، ہم تو آپ کے ساتھ ہیں، آپ ہونگے، آپ ہماری بہنیں ہیں، آپ کو تو ہم نے ووٹ دیا ہے، ہم نے آپ کو ایم پی اے بنایا ہے، ایسا تو نہیں ہے کہ آپ اوپر سے آسمان سے گری ہیں۔ (تالیاں اور شور) تو اس سلسلے میں جناب۔۔۔۔۔

(قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: یوسف ایوب صاحب، یوسف ایوب صاحب۔

مفتی سید جانان: سپیکر صاحب! مونږ په دې باندې-----

جناب یوسف ایوب خان (وزیر مواصلات و تعمیرات): سپیکر صاحب! ایک منٹ-----

جناب سپیکر: یوسف ایوب صاحب بات کرتے ہیں۔

وزیر مواصلات و تعمیرات: جی منور خان نے اور ہمارے ساتھی نے جو بات کی ہے جی، نگہت بی بی نے جو بات کی ہے جی، کم از کم اس ہاؤس میں آ کے (شور اور قطع کلامیاں) میری بات سنیں۔

(شور)

محترمہ زرین ریاض: سپیکر صاحب! ہم-----

ایک رکن: نہیں سنیں گے۔

وزیر مواصلات و تعمیرات: نہیں کم از کم اس ہاؤس کے اندر آ کے چاہے کوئی خواتین ہوں یا مرد ہوں، ہم سب برابر ہیں، اس میں تو کوئی Deny نہیں کرتا، نہ ٹریژری بنچز سے کرتے ہیں، نہ-----

(شور اور قطع کلامیاں)

جناب جاوید نسیم: یہ، یہ تو-----

(قطع کلامیاں)

ارباب اکبر حیات: یہ آپ کیا کہہ رہے ہیں۔

مفتی سید جانان: جناب سپیکر!

وزیر مواصلات و تعمیرات: نہ ہاؤس کے اندر، ہاؤس کے اندر یار-----

جناب منور خان ایڈووکیٹ: سپیکر صاحب!

(قطع کلامیاں اور شور)

جناب سپیکر: میں تھوڑا-----

محترمہ زرین ریاض: وہ باہر-----

وزیر مواصلات و تعمیرات: ہماری بہن۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: میں ایک بڑے، تھوڑا۔۔۔۔۔

وزیر مواصلات و تعمیرات: شاہ فرمان صاحب نے ایک بڑےLighter tone میں یہ بات کی تھی، وہ محسوس کر گئی ہیں، کوئی ایسی بات نہیں ہے۔۔۔۔۔

محترمہ زرین ریاض: سپیکر صاحب! وہ باہر۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: اچھا، آپ چلی جائیں۔

(قطع کلامیاں اور شور)

وزیر مواصلات و تعمیرات: ہم ان کو جا کرConvince کرتے ہیں اور ان کو واپس لاتے ہیں۔

جناب سپیکر: شاہ فرمان بات کرلے گا، وضاحت کرلے گا۔ شاہ فرمان، شاہ فرمان۔

(شور)

جناب شاہ فرمان(وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ واطلاعات): جناب سپیکر! جناب سپیکر، میں۔۔۔۔۔

(شور اور قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: شاہ فرمان صاحب بات کرتا ہے۔

مفتی سید جانان: جناب سپیکر صاحب! دا خو۔۔۔۔

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ و اطلاعات: مفتی جانان صاحب، مجھے، مجھے میڈیا کے پاس جانا ہے، مجھے میڈیا کے پاس جانا ہے۔۔۔۔۔

(شور)

جناب سپیکر: شاہ فرمان! وضاحت کرلیں، اس کے بعد۔۔۔۔۔

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ و اطلاعات: میں نے میڈیا کے پاس جانا ہے، مجھے آپ دو منٹ دیدیں، میں نے میڈیا کے پاس جانا ہے اسلئے کہ میڈیا والے ناراض ہیں، مجھے جناب سپیکر، بولنے دیں کہ ہوا کیا؟ وہ میٹنگ کے دوران۔۔۔۔۔

(قطع کلامیاں اور شور)

محترمہ زرین ریاض: سپیکر صاحب! یہ-----

محترمہ عائشہ نعیم: پہلے ہمیں بات-----

ایک رکن: ہماری بات سنیں جی، یہ-----

جناب سپیکر: دیکھیں میں، میں آپ سے ایک ریکویسٹ، آپ تھوڑا انتظار کریں، بات سنیں اس کے بعد بات کر لینگے۔

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ واطلاعات: اچھا میٹنگ کے دوران جو بات ہوئی تھی، وہ جیسے ہمارے اپوزیشن ممبران نے کہا، باقی جو کمیٹی کے اندر جتنے بھی لوگ بیٹھے تھے جنہوں نے اعتراض کیا، اس کے علاوہ اس کمیٹی کے اندر جتنے لوگ بیٹھے ہوئے تھے جناب سپیکر، (مداخلت) آپ دومنٹ سنیں، اس کمیٹی کے اندر جتنے لوگ بیٹھے ہوئے تھے، سوائے اس ممبر کے جس نے اعتراض کیا، اس میں سے کسی دوسرے بندے نے اگر یہ کہا کہ میں نے غلط بات کی ہے تو میں معافی مانگنے کو تیار ہوں، جس نے کمپلینٹ کی ہے اس کے علاوہ کوئی بھی ممبر یہ کہے کہ میں نے غلط بات کی ہے تو میں معافی مانگنے کو تیار ہوں اور اگر چیزوں کو Sensitize کرکے واک آؤٹ کی بات ہے تو یہ میں کلیئر کر دوں کہ اگر کسی کے واک آؤٹ سے یہ اسمبلی Dissolve کیوں نہ ہوتی ہو، میں غلط طور پر کسی کو منانے کیلئے نہیں جاؤنگا (تالیاں) جب تک کہ وہ غلط ہے۔ میں میڈیا کے پاس جارہا ہوں۔ تھینک یو۔

جناب سپیکر: شاہ فرمان! ایک منٹ، ایک منٹ، وہ میڈیا کے حوالے سے آپ جارہے ہیں؟

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ واطلاعات: جی میں میڈیا والوں کے پاس جارہا ہوں۔

Mr. Speaker: Okay ji.

سابق وزیر قانون، جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور (شہید) کو خراج عقیدت

جناب سپیکر: مفتی جانان صاحب۔

مفتی سید جانان: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر صاحب، ستا سو په میز باندې به پرته وی دا ایجنډا، د اجلاس ایجنډا۔ دیکښې جناب سپیکر صاحب، په چار نمبر باندې دے "مرحوم سردار اسرار اللہ خان گنڈاپور سابق وزیر قانون پارلیمانی امور وانسانی حقوق خیبر پختونخوا کو خراج عقیدت پیش کرنا اور ان پر خودکش دھماکے کے حوالے سے بحث" جناب سپیکر

صاحب، پکار خو دا ده چې دغې ایوان کښې ډیره زیاته سنجیدګي وې ، مونږه نه ډیر یو ښه ملګرے جدا شوے دے او قانوني طور باندې که مونږ دغې اجلاس کښې نورې خبرې کوؤ نو زه وایم چې قانون به هم مونږ ته اجازت نه راکوی خو دې سره سره جناب سپیکر صاحب، دا اسمبلی د یو اقدارو حامله اسمبلی ده، دلته یو روایات او یو براد رانه اصول چلیږی، د یو بل لحاظ ساتلے شي۔ پرون یو دوه بلونه راؤړل، مونږ هیڅ هم اونه وئیل خو مونږ دا حکومت او دا اسمبلی چلول غواړو۔ جناب سپیکر صاحب، پکار دا وه چې زمونږ دا آواز دنیا ته رسیدلے وے ګنې پاکستان ته خو چې زمونږ دا غم والا آواز رسیدلے وے خو جناب سپیکر صاحب، پرون د میډیا ملګری نه وو او نن بیا د میډیا ملګری نشته دے نو زمونږ دا آواز، دا تکلیف، دا درد به دغې دنیا ته او دغې خلقو ته څنګه رسیږی؟ جناب سپیکر صاحب، مړے نه دے شوے ، څه بله داسې لویه واقعه نه ده شوې چې دا خلق به نه راضی کیږی۔ جناب سپیکر صاحب، حکومت ته د وسیع النظرئ نه کار اخستل پکار دی، حکومت ته د عفو او د درګزر نه کار اخستل پکار دی، حکومت به عفو و درګزر کوی خو جناب سپیکر صاحب، زه دا کوم ماحول ګورم، زه دغه ماحول کښې عفو او درګزر نه ګورم۔ پرون ډیټی سپیکر صاحب یو ټیم تشکیل کړو چې تاسو بهر ورشئ او د هغوی سره خبرې وکړئ، لاړلو هغه خلق دننه رانغلل، نن بیا جناب سپیکر صاحب، زه وایم چې دا اجلاس چې په دې باندې د لکهونو ملینونه روپئ د دغې صوبې خرچ کیږی، د کوم مقصد او افادیت د پاره ئے راغوښتے وو، هغه مقصد زه وایم چې پوره کیږی نه۔ زما به ستاسو د دغې عزتمندې کرسئ نه دا ګزارش وی چې بهر هغه کسان د میډیا والا ملګری ناست دی، ور د شی هغوی سره دې خبرې وکړی، هغوی د راوستلے شی چې زمونږ د مظلوم ورور چې کوم شهید شوے دے ، د هغه د غم او د درد دغه آواز دنیا ته د هغوی په ذریعې باندې ورسیږی۔ وآخِرُالدَعوَانا أَنِ ٱلۡحَمۡدُ لِلَّهِ رَبِّ ٱلۡعَـٰلَمِینَ۔

جناب سپیکر: شاه فرمان او یوسف ایوب صاحب تلی دی او زه امید لرم چې لږ وخت کښې هغوی راشی او عارف یوسف ورسره تلے دے او زما خیال دے کسان تلی دی او امید دے چې هغوی به راشی۔ زه خو چونکه د سیچویشن نه نه ووم خبر،

اوس تاسو ته پته ده، ډیره افسوناکه واقعه شوې ده او زه هلته حرم کښې ووم چې دا ډیر افسوناک میسج مونږ ته رااورسیدو، هلته په حرم کښې هم چې دے نو چې څومره حاجیان وو، څومره خلق وو، هغوی ډیر په دغه باندې د اسرار الله ګنډاپور شهید د پاره دعاګانې وکړې بلکه هلته کښې یو داسې ماحول جوړ شو، ځکه چې هغه یو ډیر قیمتی سړے وو، ډیر یو Commitment ئے وو، پوهه سړے وو او مونږ حقیقت دے چې د ډیر یو قدردان، ډیر یو درونډ، یو ډیر هوښیار او یو Competent ملګری نه محرومه شوی یو خو مونږ دا وایو چې دا زمونږ وطن کښې یو مشکل روان دے خو دلته چې دا څومره ناست دی، دا ټول لیډرشپ دے، لیډرشپ به د ملک واګی او د ملک دوام په داسې طریقه چلوی چې بهر چا ته دا محسوس نشی چې دا یو لیډرشپ چې دے نو هغه خوفزده شوے دے۔ مونږ د هر قسم د حالاتو مقابله کولے شو، مونږ کښې دا همت او دا طاقت شته چې انشاء الله تعالیٰ د یو غیرتی قوم په حیثیت باندې به مونږ دا خپل ملک د دې Crisis نه اوباسو ان شاءالله تعالیٰ او د اسرار ګنډاپور صاحب د پاره هغه الفاظ نشته او زما خو چونکه چې زه تلم نو زما یو ورځ مخکښې ورسره خبرې شوې وې او زمونږ د ټولې اسمبلئ ټوله کارروائی د هغه په Through چلیدله، خدائے ورله ډیره پوهه ورکړې وه۔ زه چونکه نه ووم نو زه مفتی صاحب ته به دا خواست وکړم چې په شریکه پاځئ او د هغه د پاره بیا یو دعا وکړو چې الله تعالیٰ هغه له هغه ډیر عمر بنائسته کړی۔ مفتی جانان صاحب۔

(اس مرحلہ پر اجتماعی دعا کی گئی)

مفتی سید جانان: او سپیکر صاحب! دا نګهت بی بی او څه ملګری ئے بهر په هغه باندې وتی دی چې څه کسان ورپسې لاړ شی۔ ډپټی سپیکر صاحب د جی ورپسې لاړ شی، ډپټی سپیکر صاحب د ورشی۔ (قہقہہ)

جناب سپیکر: ډپټی سپیکر صاحب! تاسو ورشئ، ډپټی سپیکر صاحب! جاوید نسیم د ځان سره بوځه۔ سورن سنګھ صاحب۔

جناب سورن سنگھ (معاون خصوصی برائے اقلیتی امور): شکریہ، سپیکر صاحب۔ سب سے پہلے تو میں اپنی پوری مینارٹی کی طرف سے ایک عظیم انسان، ایک شفیق دوست، ایک قابل ترین شخصیت جو ہماری اس

اسمبلی کا دل تھا، ہماری اس اسمبلی کی جان تھا، آج وہ ہمیں یہاں پر اکیلے چھوڑ کر اس دنیا سے کوچ کر گئے ہیں، اس کی شہادت پر دل خون کے آنسو روتا ہے۔اس کرسی کو دیکھ کر ان یادوں کی طرف ہم چلے جاتے ہیں کہ جو دو تین مہینے سے یہاں پر ہم اکٹھے رہے ہیں اور ان تین مہینوں میں اس نے یہاں پر پیار، اتنی محبت، اتنی چاہت اور اتنا وہ ہمیں قریب لیکر آئے کہ آج ہم یہ محسوس کرتے ہیں کہ اسرار اللہ گنڈاپور صاحب اسرار اللہ گنڈاپور صاحب صرف نہیں تھے بلکہ ہماری فیملی کے ممبر تھے، آج ہمیں وہ کمی محسوس ہو رہی ہے۔ میں پروردگار سے دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ ان کو اپنی رحمت میں جگہ عطا فرمائے، ان کے خاندان کو، پسماندگان کو صبر عطا فرمائے۔ میں ان کیلئے یہ ضرور کہونگا کہ:

ے

موت اس کی جس کو زمانہ کرے یاد

موت اس کی جس کو زمانہ کرے یاد

ورنہ دنیا میں لوگ آتے ہیں مرنے کیلئے

ایک عظیم انسان اس دنیا سے رخصت ہو گیا لیکن وہ یہاں پر اپنی میٹھی یادیں آپ کے اور ہمارے دلوں میں چھوڑ گیا۔ ہمیں تمام دوستوں کو اس کی تقلید کرنی چاہیئے کہ ایک ایسا انسان جو ہمیں ایک راستے پر ڈال گیا، سچ اور حقیقت کے راستے پر ڈال گیا، اس کی جو سپیچ ہوتی تھی، وہ بھی سمجھانے والی ہوتی تھی اور دکھ اور درد بھرے الفاظ ہیں میرے پاس اس کیلئے اور کچھ بھی نہیں ہے، صرف میں دل سے دعا کرتا ہوں اور دعا یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں صبر عطا فرمائے اور اس ملک اور اس قوم کو مزید سانحہ اور ایسی شہادتوں سے محفوظ رکھے۔ اللہ تعالیٰ اس ملک میں امن لائے، اللہ تعالیٰ اس صوبے، اس دھرتی اور اس مٹی جو کہ زرخیز مٹی ہے، اس مٹی پر امن وامان لائے۔ بہت شکریہ، بہت مہربانی جی۔

<u>جناب سپیکر:</u> جی نلوٹھا صاحب۔

<u>سردار اورنگزیب نلوٹھا:</u> شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ آج یقیناً اس اجلاس کا تیسرا دن ہے اور یہ صرف اور صرف اسرار اللہ گنڈاپور صاحب کو خراج تحسین پیش کرنے کیلئے اپوزیشن کی ریکوزیشن پر یہ اجلاس بلایا گیا۔ جناب سپیکر صاحب، اجلاس کے پہلے دن آپ موجود نہیں تھے اور ڈپٹی سپیکر صاحب نے بھی اجلاس کا آغاز آہوں اور سسکیوں میں اور اسی طریقے سے اس ہاؤس کے تمام ممبران نے جس طرح دکھ محسوس کیا اسرار

اللہ گنڈاپور صاحب کی موت کا تو میں سمجھتا ہوں کہ یقیناً وہ ایک بڑے عظیم شخص تھے لیکن جس طرح خراج تحسین اس ہاؤس نے اسرار اللہ گنڈاپور صاحب کو پیش کیا، جانا تو ہے، ایک نہ ایک دن ہم سب نے مرنا ہے، موت کا ایک وقت مقرر ہے لیکن یقیناً جس طرح اس ہاؤس کے ممبران نے ایک دکھ محسوس کیا تو ان کے اپنے گھر، کنبہ خاندان اور ان کے حلقے کے لوگوں نے بھی بڑا دکھ محسوس کیا ہوگا تو یہ بہت کم لوگ ایسے ہیں جن کیلئے کوئی دل دکھتے ہیں، ان کے جانے کے بعد ان کی کمی محسوس ہوتی ہے۔ اسرار اللہ گنڈاپور ایک ایسا خلاء چھوڑ گئے ہیں، نہ صرف اس ہاؤس کیلئے بلکہ پورے صوبے کیلئے۔۔۔۔

(اس مرحلہ پر محترمہ نگہت اورکزئی صاحبہ واک آؤٹ ختم کر کے ایوان میں تشریف لے آئیں)

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جو شاید اس کے پورا ہونے میں وقت لگے گا۔ میں سمجھتا ہوں کہ آج اس کی پہلی جو کمی محسوس ہوئی ہے، اگر اسرار اللہ گنڈاپور صاحب زندہ ہوتے تو جناب سپیکر صاحب، اس ہاؤس سے کتنی دفعہ پریس کے ساتھیوں نے واک آؤٹ کیا، اس اسمبلی کے ممبران نے واک آؤٹ کیا اور اسرار اللہ گنڈاپور صاحب زندہ ہوتے تو شاید صحافی کل ہی واک آؤٹ ختم کر کے اندر آجاتے، تو آج یہ ان کی جو سب سے پہلی کمی محسوس ہوئی ہے اس ہاؤس کو تو یہ بہت بڑی ان کی یعنی اس دنیا سے جانے کی ایک کمی ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ اسرار اللہ گنڈاپور صاحب کا شمار ان چند پارلیمنٹیریز میں ہوتا تھا، ہوتا ہے کہ جنہیں یقیناً اس اسمبلی کے قواعد و ضوابط اور آئین پاکستان کے اوپر عبور حاصل تھا، ان میں جماعت اسلامی کے ڈاکٹر یعقوب صاحب اور مرحوم ایوب تنولی صاحب اور جناب عبدالاکبر صاحب اور احمد حسن صاحب، ان میں ان کا شمار ہوتا تھا اور جب وہ اپوزیشن میں تھے تو جناب سپیکر، عبدالاکبر صاحب حکومت کی نمائندگی کرتے تھے اور جب عبدالاکبر صاحب نہیں ہوتے تھے تو اسرار اللہ گنڈاپور صاحب سے سپیکر صاحب کوئی رائے لیتے تھے آئینی اور آج یقیناً ان کی کمی کی وجہ سے اس ہاؤس کو بہت بڑا نقصان ہوا ہے، تو یہ جو ہمارا بھائی ہمیں چھوڑ کر چلا گیا اور آج ہم اس کرسی کی طرف دیکھتے ہیں تو یقیناً بڑا دکھ اور افسوس ہوتا ہے۔ بجٹ اجلاس میں جب دو تین دفعہ اسرار اللہ گنڈاپور صاحب اٹھے تو میں نے ایک سخت بات کہہ دی اور وہ ایسے ملنسار تھے کہ وہ ہمیں یقیناً کبھی سخت بات نہیں کہتے تھے اور ہمیں پارلیمانی آداب سکھانے والا شخص تھا، آج یقیناً اس صوبے کو بہت بڑا نقصان ہوا، تو جناب سپیکر صاحب! یہ کب تک ہوتا رہے گا؟ اس اسمبلی کے تین ممبران جناب فرید خان

صاحب، عمران مہمند صاحب، اس اسمبلی کے جو تین ممبران اسرار اللہ گنڈا پور صاحب سمیت اس اسمبلی میں موجود تھے اور آج وہ نہیں ہیں اور اس سے پہلے جو پچھلی اسمبلی تھی، اس میں بھی اس اسمبلی کے بڑے قیمتی اور معتبر ممبران اسمبلی دہشت گردی کی نذر ہوئے، تو کب تک یہ سلسلہ جناب سپیکر صاحب! چلتا رہے گا؟ سوچنے کی بات تو جناب سپیکر صاحب! یہ ہے کہ کوہاٹی گیٹ کے چرچ کے اوپر حملہ ہوا اور اس میں نہ صرف پاکستان کے اندر بلکہ بیرونی دنیا میں بھی پاکستان کی یقیناً بہت، جو ہمارے عیسائی بھائی اس میں شہید ہوئے، مارے گئے۔۔۔۔۔

جناب فریڈرک عظیم: سردار صاحب! میں نے آپ کو کہا ہے کہ مسیحی کہا کریں۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: مسیحی، مسیحی بھائی اور اسی طرح جو سیکرٹریٹ کی بس کے اوپر حملہ ہوا اور بہت سے دھماکے ہوئے، ان میں ہمارے بھائی بہنیں شہید ہوئیں اور یہ بھی ڈھکی چھپی بات نہیں کہ اس صوبے کی فورسز نے بھی بہت بڑی قربانیاں دیں لیکن جناب سپیکر صاحب، سوچنے کی بات یہ ہے کہ اسرار اللہ گنڈا پور صاحب کے اوپر اس کے حجرے میں حملہ کیا گیا اور دہشت گرد یعنی چل کے حجرے کی طرف گیا، حیرانگی کی بات ہے کہ وہ ایک منسٹر تھا، اس کیبنٹ کا ایک ممبر تھا اور اس کو تحفظ کیوں نہیں فراہم کیا گیا؟ میں سمجھتا ہوں کہ یہ ہمارے لئے بڑا سوچنے کا مقام ہے۔ ہم یہ کہیں کہ مرکزی حکومت کی یہ ذمہ داری نہیں ہے، یہ صوبائی حکومت کی ذمہ داری ہے، صوبائی حکومت یہ کہے کہ یہ مرکزی حکومت کی ذمہ داری ہے، صوبائی حکومت کی ذمہ داری نہیں ہے تو پھر صوبے کے لوگ کیا تاثر لیں گے اور یہ خوف وہراس کی جو فضاء پھیل چکی ہے تو میں بحیثیت، مسلم لیگ نواز سے میرا تعلق ہے، میں یہ کہتا ہوں کہ سب سے زیادہ اس دہشت گردی کو ختم کرنے کیلئے مرکزی گورنمنٹ کی ذمہ داری ہے اور پھر اس کے بعد جناب سپیکر صاحب، یہ صوبائی حکومت کس مرض کی دوا ہے جناب سپیکر صاحب، کیا صوبائی حکومت کی ذمہ داری نہیں ہے کہ وہ صوبے کے اندر امن وامان قائم کرنے کیلئے اپنا Role ادا کرے؟ اور یہ بات کہنے کو تو بڑی آسان ہے کہ فلاں کی ذمہ داری نہیں ہے، فلاں کی ذمہ داری ہے۔ جناب سپیکر صاحب، میں یہ گزارش کروں گا اس ہاؤس کے اندر بیٹھے تمام جماعتوں کے ممبران سے کہ اس وقت ہم سب کو مل کے ایک اتحاد اور یکجہتی کا پیغام دینا ہے اور ان لوگوں کا ہم نے مقابلہ کرنا ہے جو نہ مسجدوں کو معاف کرتے ہیں، نہ مندروں کو معاف کرتے

ہیں، نہ چرچ کو معاف کرتے ہیں، نہ کسی غریب کو معاف کرتے ہیں، نہ امیر کو معاف کرتے ہیں۔ مرکزی حکومت نے بالکل اے پی سی کا اجلاس، اگر ذمہ داری محسوس نہیں کی تھی تو اے پی سی کا اجلاس بلانے کی کیا ضرورت تھی؟ اور اس میں تمام سیاسی جماعتوں کے قائدین نے متفقہ فیصلہ کیا کہ طالبان کے ساتھ مذاکرات کئے جائیں اور مرکزی حکومت نے اس کیلئے ایک Step اٹھایا کہ طالبان کے کمانڈر ملا برادر کو رہا کیا، اب یہ بات یقیناً کرنے کو آسان ہے لیکن اس کے اوپر عمل کرنا مشکل ہے، پھر بھی میں یہ دعوے سے یہ کہتا ہوں کہ اگر ہم سب اکٹھے ہو جائیں، ہم ایک دوسرے کے اوپر الزام لگانے کی بجائے اگر ہم یکجہتی کا مظاہرہ کریں تو ضرور دہشت گردی کا حل ہم نکال سکتے ہیں۔ ہمیں اس صوبے کے لوگوں نے مینڈیٹ دیا ہے اور اسلئے مینڈیٹ دیا ہے کہ ہم ان کو امن، ان کو تحفظ فراہم کریں اور اس بلا سے یہ جس دہشت گردی کی نذر غالباً پچاس ہزار سے زیادہ لوگ ہمارے اس صوبے کے اور اس ملک کے ہوئے تو جناب سپیکر صاحب، جب بھی کوئی دھماکہ ہوتا ہے، جب بھی کوئی جانی نقصان ہوتا ہے تو حکومت تین دن سوگ کا اعلان کر دے یا نامعلوم افراد کے خلاف ایف آئی آر درج کر دے تو اس طرح یہ مسئلہ حل نہیں ہو گا۔ جناب سپیکر صاحب، یہ جو دہشت گردوں کے اعضاء ملتے ہیں آیا ان کے ڈی این اے ٹیسٹ کئے جاتے ہیں لیبارٹریز میں؟ تو آج تک کسی کے خلاف کوئی مقدمہ بھی درج نہیں ہوا اور نہ ہی کوئی کارروائی کی گئی، تو جب تک حکومت اس کے اوپر سنجیدگی سے غور نہیں کرے گی، میں نے پچھلے اجلاس میں بھی جس کی دہشت گردی کے حوالے سے اپوزیشن نے ریکویزیشن کی تھی، میں نے یہ تجویز دی تھی کہ اس صوبے کے اندر بڑے قابل، اہل اور ایماندار لوگ ہیں، ان سب لوگوں کی چھانٹی کر کے ایک ایسی فورس تشکیل دی جائے جس کو صرف اور صرف دہشت گردی کیلئے استعمال کیا جائے اور وہ جدید اسلحے سے لیس کی جائے تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس کیلئے ایک اچھی پیشرفت ہو گی۔ جناب سپیکر صاحب، میں یہ بھی صوبائی حکومت کے گوش گزار کرنا چاہتا ہوں کہ جس طرح سندھ کے اندر امن و امان قائم کرنے کیلئے مرکزی اور صوبائی حکومت نے ملکر ایک Step اٹھایا اور اس کی قیادت مرکزی حکومت نے صوبائی حکومت کے حوالے کی اور آج وہاں پہ آپریشن ہونے کی وجہ سے سو فیصد نہیں لیکن امن کی طرف ایک پیشرفت ہوئی اور یہاں پہ بھی صوبائی حکومت کو چاہیئے کہ وہ اپنی ذمہ داری کا احساس کرے اور آنکھیں بند کر کے مرنے سے بہتر ہے کہ ہم چھاتی نکال کر

اگراس کا مقابلہ کریں تو کسی نہ کسی ریزلٹ کے اوپر ہم پہنچ جائیں گے۔ مذاکرات کا عمل بہت اچھا ہے، تمام سیاسی جماعتوں نے ملکر مذاکرات کیلئے فیصلہ کیا ہے لیکن اگر خدانخواستہ جس طرح کل بھی یہاں پہ چند ذمہ داروں نے بات کی کہ مرکزی حکومت مذاکرات کے اوپر عمل نہیں کر رہی، اللہ کرے مذاکرات کامیاب ہوں اور اگر خدانخواستہ مذاکرات کامیاب نہیں ہوتے تو ہم اسی طرح مار کھاتے رہیں گے، ہمارے صوبے کے بھائی، بہنیں اور بچے اسی طرح دہشت گردی کی نذر ہوتے رہیں گے۔ کیا ہمیں اس کیلئے کوئی منصوبہ بندی یا اس میں کوئی تبدیلی لانا ہوگی یا نہیں لانا ہوگی؟ تو میری یہ گزارش ہے جناب سپیکر صاحب کہ بشمول صوبائی حکومت ہم سب کو اپنی ذمہ داری کا احساس کرنا چاہیئے اور حکومت ہر ممکن جو بھی وہ اقدام اٹھائے گی دہشت گردی کو روکنے کیلئے، ہم اپوزیشن اس کیلئے بھرپور ان کا ساتھ دیں گے، تعاون کریں گے۔

جناب سپیکر: ثوبیہ شاہد۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: السلام علیکم! اعوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیم۔ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم۔ جناب سپیکر صاحب، آپ کو حج کی مبارکباد ہم اپنی اپوزیشن کی طرف سے پیش کرتے ہیں، آپ کو حج مبارک ہو۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: شکریہ۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: اور اسرار گنڈاپور صاحب کی شہادت پر ہمیں بہت ہی افسوس ہے اور وہ ہمارے ایک ایسے پارلیمنٹیرین تھے خاصکر پی ٹی آئی کیلئے اور اس کے ایم پی ایز کیلئے جن سے ہم کچھ سیکھ سکتے تھے کہ پارلیمنٹیرین کیا ہوتا ہے؟ اس کا بیٹھنا، اس کا بولنا ان سب کیلئے ایک سبق تھا کہ یہ لوگ کچھ سیکھ جاتے لیکن آپ لوگوں کی قسمت میں یہ نہیں تھا میرے خیال سے۔ دوسری بات ہمیں اس کی بہت زیادہ کمی Feel ہو رہی تھی، آج بھی کل بھی Feel ہو رہی ہے جیسا کہ پریس والوں کو کوئی اس کے پیچھے نہیں جا رہا، اس پہ کوئی بات نہیں کر رہے، اگر اسرار صاحب ہوتے تو وہ جاتے اور سب کی قدر اور عزت کرتے، وہ ہر بات کو مصلحت سے حل کرتے تھے اور اس میں جو بات تھی، ایک پارلیمنٹیرین کا بیٹھنا، اس کا اٹھنا، اس کا بولنا، ہر ایک بندے کو اس نے Concentration دی تھی، وہ ایک پوری تیاری کے ساتھ ادھر آتے تھے، پوری تیاری کے ساتھ ادھر آتے تھے اور ہر بندے کو اس کے سوال کے مطابق جواب دیتے تھے، ہر بات پہ غور

کرتے، کوئی فضول بات اس کے منہ سے کبھی بھی نہیں نکلی، کسی کو بھی اس نے خفا نہیں کیا اور سب اس کے بارے میں بول رہے ہیں اور میرے خیال سے ہمارے اپوزیشن والوں کو بھی اور سب کو دیکھ کے اس سے سیکھنا چاہیئے تھا اور ابھی بھی اس کو دیکھ کے سب کو سیکھنا چاہیئے۔ باقی یہ سب بات کر رہے ہیں، اللہ اس کو بخشے، جنت نصیب کرے، ابھی وہ Past بن چکا ہے ہمارا، ابھی ہمیں Future کے بارے میں سوچنا ہے، ادھر جو یہ ممبران بیٹھے ہیں، 124 ہیں کہ میرے خیال سے 124 نہیں ہیں 99 ہیں، 99 جو ہیں اور باقی 12 عورتیں ہیں کیونکہ وہ آدھی ہیں، ٹھیک ہے 99 جو ہیں 99 حلقوں سے 50 ہزار بندوں کا یہ دانشور بندہ اپنے حلقہ سے ادھر آیا ہوا ہے، وہ اسلئے آیا ہے کہ یہ ایک مجلس شوریٰ ہے اور اس مجلس شوریٰ میں یہ نہیں ہے کہ ایک دوسرے کے اوپر نکتہ چینی کریں، * + + + + +، + + + +، + + +،+ + + +؟ + + + + + + + + + +، + + + + +، + + + + + + + + + + + +؟ صرف سارا وقت Past میں بولتے ہیں، کسی نے بھی Future کے بارے میں نہیں سوچا۔ * + + + + + + + + +، + + + +؟ + + + + + + + + +؟ + + + + + + + + + + + + + + + +؟ آپ لوگ دنیا کے کسی بھی کونے میں جائیں، آپ کو ایک حیثیت ملے گی۔ جو یہ ممبر شپ آف دی پراونشل اسمبلی، یہ مال، دولت، جائیداد، خاندان، کسی چیز سے نہیں ملتی، یہ ایک عزت ہے اور خاصکر پی ٹی آئی والوں کو تو، * +، + + + + + + + + + + +۔ (تالیاں) + + + + + + + + + + + + + + + + + + +، + +، + + + + + +، + + + + + + + + + + + + + + + +؟ + + + + +، + + +، + + + +، + + + + + +؟ + + + + + + + + +،+ + + + + +، + + + + + + + + +، + + + + + + + + + + +، + + + + + + + + + + + + + +؟ + + + + + + + + + + + + +؟۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> اچھا میری بہن!۔۔۔۔۔

<u>محترمہ ثوبیہ شاہد:</u> نہیں سپیکر، ہم لوگوں کی۔۔۔۔۔

---

*بحکم جناب سپیکر حذف کئے گئے۔

جناب سپیکر: آمنہ سردار، میری آمنہ سردار سے ریکویسٹ ہے کہ وہ بات کریں اور مطلب اس کو حذف کریں، یہ جو بعض الفاظ غیر پارلیمانی ہیں، اس کو حذف کریں۔ منور خان صاحب۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: تهینک یو ، سر۔ جناب سپیکر ، یقینی خبره ده چې دا اجلاس د گنډاپور صاحب په یاد کښې راغوښتے شوے دے۔ گنډا پور صاحب یو پینځه کاله مخکښې دلته په دې کرسئ باندې به ما سره نزدے ناست وو او دے هغه کرسئ ته لاړلو نو دا به ما بار بار د ده سره دا خبره کوله چې گنډاپور صاحب! ته په حکومت کښې ښکلے نه ښکارې، ته هلته په اپوزیشن کښې ښنگه مخکښې وې نو راشه مونږ سره په اپوزیشن کښې کښېنه۔ زه نن په دې موقع باندې د گنډاپور صاحب د اخلاقو او د ده چې کوم یو حیثیت وو، یقینی خبره ده چې دے د کلاچی اوسیدنکے وو جی او خاندانی لحاظ سره هم د سردار فیملی نه وو خو په دغه انسان کښې چرته هغه سرداری چې کوم تکبر وو، کوم غرور د یو سردار په ذهن کښې او په سوچ کښې وی، په دغه انسان کښې ما چرته د سردارئ سوچ او فکر ما ونه لیدو۔ د ده ملاویدل هر سړی سره، او افسوس ما ته په دې باندې راځی جی چې د ده والد صاحب چې د دې صوبې وزیر اعلیٰ هم پاتې شوے دے او څه گنډاپور صاحب د خپل خواهش او په خپل بچی باندې هم نام دوئ دا عنایت الله خان نام ایښے وو، سردار عنایت الله خان گنډاپور چې هغه بچی باندې ئے نوم ایښے دے نو د ده په ذهن کښې کوم کوم سوچونه وو، کوم کوم فکرونه به وو، لکه پرون سردار حسین بابک صاحب هم دا خبره وکړه چې سردار صاحب گنډاپور صاحب به دلته ما ته راغلو او ما ته به ئے دا خبره کوله چې ته لږ طالبانو پسې دومره خبرې مه کوه، نو سردار بابک صاحب خو نن دا دے ژوندے دے خو جناب سپیکر صاحب، د زندگئ او د مرگ دا چا ته هم پته نه لگی چې زه به په کومه خاوره مرم او زما مرگ به په کوم ځائې کښې وی او زه خاصکر دا تاسو چې دې اسمبلئ ته کومه خبره وکړه چې دا کسان چې کوم د دې اسمبلئ نه ځی روان دی، مونږ به خپلې حوصلې یقینی خبره ده، مونږ به خپلې حوصلې هغسې مضبوطې ساتو، د مرگ نه خاصکر بیا مسلمان، د مرگ نه کم از کم یریدل دا د مسلمان کار نه دے چې دے د مرگ نه ویرېږی۔ زما په علاقه کښې هم څو ځلې د دې دهماکو سره زمونږ مخ شوے دے خو د مرگ ټائم، د مرگ وخت

مقرر دے جی۔ نن افسوس دے په گنډاپور صاحب باندې خو دې دنیا نه ډیر غټ غټ کسان تلی دی او دا د دنیا پهیه هم هغسې روانه ده۔ زما هم د خپلې اسمبلئ ملگرو ته هم دا یو پیغام دے چې مونږ د په دې باندې بحث نه کوؤ چې آیا دا د مرکز خبره ده یا دا د صوبې خبره ده او جناب سپیکر صاحب، زه دا هم یو خبره کوم چې د دغې صوبې کسان، د دغې صوبې عوام ته زه داد ورکوم چې کومې قربانیانې د دې صوبې کسانو، کومو پښتنو د دې صوبې کسانو کومې قربانیانې ورکړې دی، په پنجاب کښې صرف په یو ورځ یا په یوه شپه کښې چرته کریکر چې یو څو دهماکې وشوې نو زمونږ په هغه ټائم کښې لیډرشپ دا خبره وکړه چې طالبانو! دا ستاسو او زمونږ سوچ، دا ستاسو او زمونږ نظریه خو یوه ده خو زه د دې صوبې کسانو ته جناب سپیکر صاحب، دا کسان ان شاء الله تعالیٰ هر آزمائش باندې به ان شاء الله تیار وی او خدائے د وکړی، عوام هم دا نه غواړی چې یره د دې کسانو سره روغه وشی او دا جنگ چې دے، بلکه زه دا هم وایم چې دا جنگ د طالبانو سره تر هغه پورې ختم کیدے نشی چې څومره پورې په دې افغانستان کښې جنگ لگیا وی، دا د څوک سوچ هم نه کوی چې څومره په دې زمکې دا یهودی نسل موجود وی، دا گنده وینه چې په دې زمکې باندې په دې افغانستان کښې موجوده وی، دا جنگ به جاری وی خو بهرحال مونږ به خپل ملگری، خپل کسان دې شی ته تیاروؤ، زه هم طالبانو ته دا خبره کوم چې دا کومې دهماکې تاسو په دې مارکیټونو کښې، په جماتونو کښې کوئ، د دې نه تا ته کوم شے حاصلیږی، آیا په دغه دهماکو باندې ته زما دا امریکه د یهودی نسل خوشحالوې چې مسلمانان په خپل مینځ کښې لگیا دی او یو بل قتل کوی؟ جناب سپیکر، مونږ د دې اسمبلئ که هغه گنډاپور صاحب دے، سبا منورخان کیدے شی، سبا بل دوست هم کیدے شی خو مونږ به ان شاء الله تعالیٰ دا مشن او دا نن چې دا دواړه دی، دا ټول پاکستان څلور واړه صوبو دا چې کوم د ډائیلاگ او دا خبرې شروع دی، په دې باندې مونږ د خپلې پارټی لیډرز ته هم دا درخواست کوؤ چې د اخباری بیاناتو نه او د ټی وی ټاک نه په دې باندې دومره چې کوم نن په دا ټی وی او په میډیا باندې ډائیلاگ لگیا دی، دا ډیر Sensitive topic دے، زما به هغوی ته هم دا ریکویسټ وی چې دا ډائیلاگ او

بل زه د خپل مشر جناب مولانا فضل الرحمان صاحب ته هم، چې هغه بار بار په دې باندې خپل کوششونه کړی دی او نن هم هغه تیار دے ، هغه سره یو فورم هم شته دے په ټرائبل ایریا کښې چې ځومره کسان دی، که هغه ټرائبل ملکانان دی یا که هغه عالمان صاحبان دی، هغوی خپل ځان وقف کړے دے چې مونږ دې ته تیار یو، زه مزید په دې باندې صرف دې ګنډاپور صاحب ته، الله د دوئ ته جنت الفردوس ورکړی او ان شاء الله تعالیٰ په دغه اسمبلئ کښې به مونږ کوشش کوؤ چې یره بهئ د ګنډاپور صاحب غوندې بل هم داسې کس پیدا شي چې هغه که د پی ټی آئی د طرف نه وی او که هغه د اپوزیشن د طرف نه وی ان شاء الله تعالیٰ دې اسمبلئ ته مونږ داسې کمے نه ورکوؤ چې یره بهئ هغه ځوک محسوس کړی چې نن سردار ګنډاپور صاحب نشته دے نو د دې اسمبلئ اهمیت ختم شو، نو ان شاء الله تعالیٰ زه په اخره کښې ستاسو ډیره شکریه ادا کوم او ستاسو د حج نه په راتګ مبارکی هم درکوم چې الله تعالیٰ د ستاسو حج قبول کړی۔

Thank you so much.

جناب سپیکر: مهربانی، مهربانی۔ د مونځ وقفه به وکړو جی او د وقفې نه پس به ان شاء الله باقی اجلاس کوؤ۔

(اس مرحلہ پر ایوان کی کارروائی نماز مغرب کیلئے ملتوی ہوگئی)

(وقفہ کے بعد جناب سپیکر مسند صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب سپیکر: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔۔۔۔۔۔

محترمہ نگہت اورکزئی: جناب سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: یہ لوگ آجائیں نا، آپ کس کو بات کریں گے؟

محترمہ نگہت اورکزئی: جناب سپیکر صاحب! میں ایک ضروری بات کرنا چاہتی ہوں۔

جناب سپیکر: اچھا، بسم اللہ کہہ دیں جی۔

محترمہ نگہت اورکزئی: جناب سپیکر صاحب! جناب سپیکر صاحب، یہ ایک ایسا محترم ہاؤس ہے کہ جہاں پر ہم سب لوگ، MPAs colleagues ہم لوگ بیٹھے ہوتے ہیں اور جناب، جہاں پہ ہم لوگ چائے پی رہے ہوتے ہیں وہاں پہ ظاہر ہے آپ بیٹھے ہوتے ہیں، ہمارے وزراء بیٹھے ہوتے ہیں، اپوزیشن کے یہ جو ہمارے

لیڈر صاحبان ہیں، پارلیمانی لیڈر صاحبان ہیں، یہ بیٹھے ہوتے ہیں تو میں ان سب سے یہ ریکویسٹ کرتی ہوں، ایک تو یعنی حالات ایسے ہیں کہ اگر یہ اپنے ساتھ جو مہمان لیکر آتے ہیں تو اگر ان مہمانوں میں کمی کر دیں تو یہ (مداخلت) نہیں لیکن میں اسلئے بتا رہی تھی، ابھی تک نہیں ہوا نا کہ اگر، لیکن میں بتانا چاہتی ہوں سب کو کہ ۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: بالکل یہ چونکہ فلور پہ بات آئی ہے اور میری ریکویسٹ یہ ہو گی کہ ایم پی اے صاحبان خود بھی، اگر ان کے ساتھ کوئی مہمان آتے ہیں تو اس کیلئے ایک متبادل جگہ ہے، وہاں بیٹھیں تاکہ ایم پی ایز اگر آپس میں کوئی بات کریں، اگر کوئی ایسا ایشو ہو تو ان کیلئے آسانی ہو، تو میں نے ضروری انسٹرکشنز اس کیلئے جاری کی ہوئی ہیں اس کے متعلق۔ اچھا ارباب اکبر حیات صاحب۔

<u>ارباب اکبر حیات</u>: اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم۔ شکریه، جناب سپیکر صاحب۔ نن د دې اجلاس دریمه ورځ ده او دا اجلاس مونږ د خپل ورور شهید اسرارالله گنډاپور صاحب په یاد کښې راغوښتے وو۔ جناب سپیکر صاحب، زمونږ څه روایات دی چې کله مونږ کښې غم وشی نو مونږ کوشش کوؤ چې جنازې له ځان ورسوؤ خو چې جنازې له لاړ نشو نو بیا وایو څه دویمې ته به لاړ شو او دریمې له خو خامخا بیا مونږ ورځو ځکه چې دا هغه اخری ناسته وی۔ زمونږ د دې ریکوزیشن هم زما خیال دے اخری ورځ ده او زما دا خیال وو، زما دا سوچ وو چې نن خو به جناب وزیر اعلیٰ صاحب خامخا راځی او په دې غمرازئ کښې به مونږ سره شریکیږی خو چونکه زما په خیال د دې غم نه هغه بل څه مسئله به ډیره ضروری وه ځکه هغه نن دلته موجود نه دے۔ جناب سپیکر صاحب، مونږ د یو داسې شخصیت نه محرومه شو چې هغه له زه د استاد درجه ورکړم نو غلطه به نه وی ځکه چې زمونږ سینیئر وو او زه چې کله دې اسمبلئ ته رانننوتم نو وړومبئ زمونږ رابطه، زمونږ مصافحه، زمونږه خبرې اترې هم د دې هستئ سره شوې وې او ده به همیشه دا خبره کوله چې تاسو نوی راغلی یئ نو تاسو به ایزدکړه کوئ دلته، تاسو به د جذباتو نه کار نه اخلئ ځکه چې دا یو داسې فورم دے چې دلته ستاسو د خلې نه وتے هریو لفظ ریکارډ کیږی او داسې نه وی چې هغه لفظ ستاسو د خلې نه داسې انداز کښې اوځی چې ستاسو هغه

کومه ترجمانی ده، د هغې صحیح عکاسی اونشی نو همیشه په سلیکټ کمیټۍ کښې هم مونږ سره وو او په سلیکټ کمیټۍ کښې به د هغه دا خپل یو انداز وو د مذاق کولو هم، خو هغې کښې به هم یو سبق مونږ ته راکولو چې یره تاسو که مذاق هم کوئ نو یو دائرې کښې دننه کوئ خو په هغه مذاق کښې تاسو د یو بل احترام هم کوئ۔ ډیر احتراماً سړے وو، ډیر نفیس انسان وو او زمونږ د پاره ډکشنری وه ځکه چې عبور ئے حاصل وو په قانون باندې هم او همیشه چې به مونږ سره په کمیټۍ کښې ناست وو، یو دوه کمیټو کښې زمونږ ناسته شوې وه نو همیشه به د ده خبرې، دا پازیټیو خبرې به وې او هغه خبرې به وې چې به ئے پکښې د ډیویلپ کولو کوشش کولو، هغه خپله فیصله به ئے Consensus په چا باندېImplement کوله نه خو افسوس چې هغه ظالمانو نن زمونږ د اسمبلۍ غړے، یو دومره نفیس انسان هغه زمونږ نه جدا کړلو۔ جناب سپیکر صاحب، که مونږ د دې ډیر هم مذمت وکړو، ډیر زیات مذمت وکړو دا به کم وی۔ تاسو خو نه وئ په حج کښې وئ جناب سپیکر صاحب! خو چې کله مونږ اجلاس رااوغوښتلو او د اجلاس په ورځ باندې د جناب ډپټی سپیکر صاحب سره دا څومره ارکان اسمبلی وو، دوئ چې په کوم انداز کښې هغوی ته خراج عقیدت پیش کړو او بیا چې کومه غمرازی او د دوئ د سترګو نه هغه کومې اوښکې دا د دې خبرې عکاسی وه چې د دوئ سره د ټولو ډیر لګاؤ، مینه او محبت وو ورسره۔ جناب سپیکر صاحب، مونږ به ترکومه پورې دا لاشونه په خپلو اوږو باندې وړو، مونږ به ترکومه انتظار کوؤ چې زمونږ حالات به ټهیک کیږی او مونږ به په دې خپله ښکلې خیبر پختونخوا کښې امن اووینو؟ مونږ خو دې اسمبلۍ ته د دې د پاره راغلی یو چې مونږ د خپل قوم نمائندګی وکړو۔ نن دلته په دې فلور باندې څوک دا وائی دا د مرکز مسئله ده، څوک وائی دا د صوبې مسئله ده، زه وایم که د مرکز مسئله ده او که د صوبې مسئله ده یا هغوی ذمه واری نه اخلی یا ئے دوئ ذمه واری نه اخلی نو دا دې قوم سره زیاتے دے، بحیثیت د 124 ممبرانو مونږ هغه خپل د دې غونډ خیبر پختونخوا نمائندګی کوؤ، پکار دا ده چې مونږ خپله یو کمیټی جوړه کړو او کله چې د اصلاح خبره وی، د جرګې خبره وی او پکښې وړاندې شې نو الله پاک وائی چې یو ته ئے نو دویم درسره زه شم نو که

مونږه روغ نیتئ سره او ښه نیت سره دیکښې یو ګام وچت کړلو نو الله پاک به پکښې برکت واچوی او زه خو وایم داسې مرګ کوم چې د شهادت مرګ دے، وائی كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ، مونږ ټول به دا ګوټ تیروؤ، مونږ به دې دنیا فانی نه ځو خو پروردګار چې کوم د شهادت مرګ زمونږ دې ورور له ورکړو نو د دې د پاره به زه، هغه شاعران وائی:

چې ته پیدا شوې تا ژړل خلقو خندل

او داسې مړ شوې ته چې خاندې خلق ژاړی

نو هغه له الله پاک داسې درجه ورکړه چې هغه هغلته اعلیٰ مقام باندې دے او دلته ئے مونږ ټول ژړونکی کړو، ټوله فضاء ئے افسرده کړې ده۔ جناب سپیکر صاحب، نن د دې اسرارالله ګنډاپور صاحب کونډه به هم دا سوال کوی چې زما دا خاوند په کوم ګناه کښې لاړو، دې ولې شهید کړے شو؟ آیا د ده ګناه دا وه چې ده د قوم خدمت کولو، د ده ګناه دا وه چې دا یو ښه انسان وو، د ده ګناه دا وه چې دے په دې خیبر پختونخوا کښې د امن خواهشمند وو نو ځکه دے شهید کړے شو؟ مونږ سره د دې جواب نشته جناب سپیکرصاحب، د دې جواب به څوک هغوی له ورکوی؟ دا ذمه واری یواځې د مرکز او د صوبې نه ده، دا زمونږ د ټولو ذمه داری ده، بحیثیت د یو انسان زمونږ ذمه داری ده، بحیثیت د مسلمان زمونږ ذمه داری ده، بحیثیت د خیبر پختونخوا د یو غړی زمونږ ذمه داری ده جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر صاحب، د دوئ هغه زخمونه، ما ته پته ده مونږ ته اندازه کیږی او دا غم ډیر په مشکله سره د خلقو نه هیریږی ځکه چې زما خپل یو ورور هغه هم ناظم وو، هغه هم ځوان وو، هغه هم دغه رنګ شهید کړے شوے وو نو مونږ به چې سوچ کولو نو چې کله دا واقعه وشوه نو مونږ ته هغه رامخکښې شو، مونږ وایو چې د ده د هغه ورور به څه پوزیشن وی، د ده د دغه بچو به څه حال وی، د ده د هغه ورور به څه حال وی، د ده د هغه ښځې به څه حال وی؟ نو مونږ په دې نتیجه ورسیدو چې جناب سپیکر صاحب، د دې غم او د دې غمرازئ مونږ چې کوم سوچ کوؤ، پکار ده چې مونږ په دې کرسئ باندې یو داسې سړے کښینوؤ چې کوم هغه سره کم ازکم د هغه د شان یعنی د هغه هومره قابل انسان وی چې مونږ وایو چې واقعی ده زمونږ په اسمبلئ کښې که هغه

لاړلو نو د هغه بل ورور مونږ ته راغلو۔ جناب سپیکر صاحب، اللہ د د دوئ شهادت قبول کړی او نن اخری ورځ ده، زما په خیال مونږ هغه خبره وکړو چې دریمه ئے ده، زمونږ د خپل د دې ایوان په کور کښې د هغه نن دریمه وه، اخری ورځ وه او ما خو وئیل چې ټول منسټران به هم دلته موجود وی، وزیر اعلیٰ صاحب به هم موجود وی ځکه چې اخری دعا به مونږ کوؤ خو بیا هم زه ګورم نو دا سیټونه ډیر خالی دی او دا لمحه فکریه ده۔ جناب سپیکر صاحب، که نن دوئ سره دا کار وشو، سبا ما سره هم کیدے شی، سبا نورو ملګرو سره هم دا کیدے شی نو د غم په دې ګهړئ کښې نور مونږ هیڅ هم نشو کولے خو کم از کم دا میسج د هغوی کور والا ته چې ځی، چې هغوی دا محسوسوی چې واقعی په دې اسمبلئ کښې هر یو ناست ممبر د دوئ سره په غم کښې برابر شریک دے۔ اللہ د ده له د ده درجات بلند کړی او دوئ ته د اعلیٰ مقام ورکړی په جنت کښې۔
وآخِرُالدَعْوَانا أَنِ ٱلْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ ٱلْعَٰلَمِينَ۔

جناب سپیکر: مولانا لطف الرحمان صاحب۔

مولانا لطف الرحمان: نحمده ونصلی علیٰ رسوله الکریم اما بعد بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ بہت بہت شکریہ، جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، آج اجلاس کا تیسرا روز ہے اور یہ اجلاس اسرار اللہ خان گنڈاپور کیلئے اس کی ریکوزیشن کی گئی تھی۔ جناب سپیکر، اسرار اللہ خان گنڈاپور (مرحوم) شہید، وہ ایک انتہائی ذمہ دار اور ایک سنجیدہ پارلیمنٹرین تھے اور ہم سے بھی وہ سینیئر پارلیمنٹرین تھے اور اس نے جو کردار ادا کیا ہے، وہ اسمبلی کیلئے بھی اور جمہوریت کیلئے بھی، وہ قابل ستائش ہے، مستحسن اس نے کردار ادا کیا ہے جتنا بھی عرصہ اس نے اسمبلی میں گزارا ہے۔ یہ تیسرا Tenure تھا جو آئے اس میں اور جناب سپیکر، ایک Committed شخصیت تھے اور ایک اچھے دوست تھے اور میں سمجھتا ہوں کہ جہاں اس کے اپنے پورے علاقے کو اس کی وجہ جو نقصان پہنچا ہے، میں سمجھتا ہوں کہ ہماری اس اسمبلی کو، ہماری اس حکومت کو ناقابل تلافی نقصان پہنچا ہے اور جناب سپیکر، ہم اس کی جتنی بھی مذمت کریں، وہ کم ہے اور اس قسم کے واقعات ظاہر ہے انسانی فطرت ہے کہ جب وہ آپ کے قریب ہو گا تو وہ احساس گہرا ہو گا، اگر وہ اسمبلی کا ممبر تھا تو ہمارے اسمبلی ممبران کیلئے وہ احساس گہرا احساس ہوا ہے، اس کے جانے کا ہوا ہے اور جو دکھ ہوا ہے، دکھ کا وہ احساس گہرا

ہے اور ظاہر بات ہے کہ ان کے جو پسماندگان ہیں اور ان کی جو فیملی ہے، ظاہر ہے وہ ان کے اور بھی قریب ہے تو وہ دکھ کا احساس مزید گہرا ہوتا ہے۔ جناب سپیکر، ہم ایک اچھے پارلیمنٹرین سے محروم ہوئے ہیں، اللہ تعالیٰ ان کو جنت الفردوس عطا فرمائے، ان کے درجات بلند کرے لیکن جناب سپیکر، ہمیں یہ دیکھنا ہو گا کہ ہم کب تک یہ مذمت کریں گے، کب تک ہم یہاں پہ بم دھماکوں کے حوالے سے انتظار کریں گے کہ مزید دھماکہ کب ہوتا ہے اور پھر لوگ اس میں شہید ہونگے اور پھر اس پہ ہم بات کرینگے اور پھر ہم تعزیتی اجلاس بلائیں گے اور اس پر باتیں ہونگی۔ جناب سپیکر، ہم نے بھی بہت باتیں کی ہیں اس دورانیے میں جب سے ہمارا یہ نیا Tenure شروع ہوا ہے اور دہشت گردی کے حوالے سے جو بم دھماکے ہوئے سکولوں پر، جو ہمارے تعلیمی اداروں پر، اور Public places پر اور سیکورٹی فورسز پر اور آئے روز ہوتے رہتے ہیں اور جو واقعہ میرے خیال میں اسرار اللہ خان گنڈا پور کے ہاں ہوا تھا، اس کے بعد بھی سیکورٹی فورسز پر حملہ ہوا ہے اور وہ واقعات رونما ہوتے رہے ہیں، اور اس سے پہلے بھی جو بم دھماکے ہوئے اور جس پہ لوگوں نے لاشیں اٹھائی ہیں اپنے عزیزوں کی اور اپنے کندوں پر اور اپنے ہاتھوں پر وہ جو لاشیں اٹھائی ہیں، جس کرب سے یہ عوام گزرتے ہیں اور جو خوف کا احساس آج عوام کے چہروں پر نظر آتا ہے جناب سپیکر، اس کیلئے ہمیں سوچنا ہے۔ ہمیں یہ دیکھنا ہے کہ ہم یہ احساس، امن کا احساس ہم کیسے قوم کے چہروں پر دیکھ سکیں گے اور ہم یہ احساس کس طریقے دلا سکتے ہیں جناب سپیکر اور جناب سپیکر، پہلے بھی ہم کہتے رہے ہیں، عشرہ ہو گیا ہے کہ ہم دہشت گردی کی جنگ میں، ہمارا ملک اس دہشت گردی کی جنگ میں شامل ہے، اس کا صفحہ اول کا کردار ادا کر رہا ہے اور پہلے دن سے بھی جے یو آئی کا مؤقف تھا کہ ہمیں راستہ مذاکرات کا اختیار کرنا ہو گا، اس جنگ سے دہشت گردی ختم نہیں ہو گی اور نتائج کے اعتبار سے جناب سپیکر، آپ دیکھیں کہ آپ آج موازنہ کریں اس بات کا کہ آیا ہم نے دہشت گردی بڑھائی ہے یا اس کو کم کیا ہے، اس ملک کے حوالے سے جو ہماری پالیسیاں تھیں، کیا ان پالیسیوں کی وجہ سے ہم نے دہشت گردی کی جنگ کو بڑھا وا دیا ہے یا اس کو کم کیا ہے؟ کیا وہ واقعات ہم نے کم کر دیئے یا اس میں اضافہ ہوا ہے جناب سپیکر؟ اور جناب سپیکر، اگر اضافہ ہوا ہے تو پھر بیٹھنا پڑے گا، اس مؤقف کو ماننا پڑے گا، آج پوری دنیا اس مؤقف کو ماننے پر ہے کہ ہمیں مذاکرات کا راستہ اختیار کرنا ہے۔ آج امریکہ افغانستان میں بیٹھ کر مذاکرات کی کوشش کر رہا ہے کہ

مذاکرات ہوں اور مذاکرات کے ذریعے اس مسئلے کو ہم حل کریں اور اس مؤقف کو آج پوری دنیا تسلیم کرتی ہے کہ ہم مذاکرات کے ذریعے اس عمل کو اور جو کچھ اس خطے میں ہو رہا ہے، اس کو ہم کس طریقے سے ختم کر سکتے ہیں اور جناب سپیکر، آپ دیکھ رہے ہیں قطر میں بھی طالبان کو دفتر کی اجازت دی گئی تاکہ امریکہ اس کے ساتھ مذاکرات کر سکے اور آئے روز مذاکرات کی بات آپ میڈیا پہ سنتے رہتے ہیں کہ مذاکرات کا عمل جاری ہے اور اس پر بات چیت ہو رہی ہے کہ ہم افغانستان میں اس مسئلے کا حل نکالیں۔ جناب سپیکر، ان مذاکرات کے حوالے سے یہ اختیار ہمیں کیوں حاصل نہیں کہ ہم سیاسی طور پر ڈائیلاگ کر سکیں؟ اور جناب سپیکر، اس پر جتنی کوششیں ہوئی ہیں، وہ آپ کے سامنے ہیں اور پچھلے تقریباً ایک سال سے اور اس سے پہلے بھی کوشش ہوتی رہی ہے لیکن باقاعدہ طور پر جو ایک سال، ڈیڑھ سال سے یہ مسلسل کوششیں جاری رہیں اور اس پورے علاقے، اس پورے خطے کے لوگوں کو جو وہاں کو Represent کرتے ہیں ان لوگوں کو، چاہے اس میں صحافی ہیں، وکلاء ہیں، وہاں کے ملکان تھے، وہاں کے دوسرے علماء، دوسرے لوگ، اس کمیونٹی کے لوگوں کو لیا گیا اور اس پورے ٹرائبل ایریا کو، اس کے ملکان کو، ان کے نمائندگان کو، سات ہزار کے لوگوں کو اکٹھا کیا گیا، اس پر بات چیت کیلئے اور مذاکرات کا ایک لائحہ عمل طے ہوا جناب سپیکر اور چلتے چلتے اس میں الیکشن آنا اور اس کے بعد کے حالات آپ کے سامنے ہیں کہ وہ مذاکرات وہاں پر ختم ہو گئے لیکن میں سمجھتا ہوں جناب سپیکر کہ یہ ضروری نہیں کہ ہماری مرکزی حکومت اس مذاکرات کو شروع کرے اور وہ مذاکرات کرے بلکہ ہمیں ایک پارٹی کی حیثیت سے، آج آپ کی پی ٹی آئی اس وقت حکومت کر رہی ہے اور اس صوبے میں حکومت کر رہی ہے جس صوبے میں یہ معاملات چل رہے ہیں تو جناب سپیکر، میں سمجھتا ہوں کہ یہ مذاکرات کا Initiative لے لینا چاہیئے اور یہ چونکہ ہمارا مسئلہ ہے تو اس کو ہم نے ہی سنجیدگی سے دیکھنا ہے اور سنجیدگی سے اس پر سوچنا ہے کہ ہم مذاکرات کا راستہ کیسے اختیار کر سکتے ہیں اور ہم اپنے ان حالات کو کیسے تبدیل کر سکتے ہیں، ہم اپنے لوگوں کو، اپنی قوم کو، اپنے صوبے کو امن کس طرح دے سکتے ہیں؟ اس کیلئے سوچ بچار ہونا ضروری ہے، یہ نہیں کہ ہم کل کیلئے انتظار کریں کہ ایک اور اسرار اللہ خان جیسا واقعہ ہو گا اور جناب سپیکر، اس بات کے دوران میں ایک بات اور بھی کرتا چلوں جو Security lapse کے حوالے سے ہے اور یہ حکومت کی ذمہ داری ہے اور حکومت کا ایک ذمہ دار منسٹر جو ہے، وہ کہتا

ہے کہ ہم نے سیکورٹی اسلئے نہیں دی کہ ہم وی آئی پی کلچر کو ختم کرنا چاہتے ہیں۔ جناب سپیکر، وی آئی پی کلچر اور سیکورٹی کا آسمان زمین کا فرق ہے، اس بات میں کہ سیکورٹی دینا یہ ذمہ داری ہے حکومت کی، ایک عام آدمی کو سیکورٹی دینا یہ حکومت کی ذمہ داری ہے چہ جائیکہ اس کا لاء منسٹر ہو، پارلیمنٹری آفیئرز کا منسٹر ہو اور اس کو سیکورٹی دی، ایک سپاہی دروازے پر کھڑا تھا، ایک سپاہی، اور باقی وہاں کوئی سیکورٹی نہیں تھی۔ جناب سپیکر، کم از کم اپنے حکومتی جو منسٹرز ہیں، جس کو آپ نے ایک رتبہ دیا، آپ نے اس کو منسٹر بنایا، اگر آپ اس کو سیکورٹی نہیں دے سکیں گے تو پھر صوبائی حکومت چلے گی کیسے؟ تو جناب سپیکر، یہ تو ذمہ داری ہے ایک عام آدمی کو بھی سیکورٹی دینا، یہ ذمہ داری ہے حکومت کی۔ جناب سپیکر، میں واپس اس بات پہ آتا ہوں کہ ہمیں اس پہ سنجیدگی سے سوچنا پڑے گا، ہم اس مسئلے میں آپ کا ساتھ دے رہے ہیں کہ اس مسئلے کا حل ڈھونڈا جائے، یہ ہم سب کا مسئلہ ہے امن کا، یہ امن ہمارے صوبے کی ضرورت ہے اور یہ ہماری قوم کی ضرورت ہے اور ہمیں اس مشکل سے اس قوم کو نکالنا ہے اور جناب سپیکر، ہم روز ایک نئی فورس کا قیام تو کر رہے ہیں، اس کے بچاؤ کیلئے ہم نے یہ فورسز بنائی ہیں، اس کے مقابلے کیلئے ہم نے یہ فورسز بنائی ہیں جناب سپیکر، یہ تو ہم کر رہے ہیں، ٹھیک ہے ایک حکومتی عمل ہے اور اس میں اگر وہ سمجھتے ہیں کہ ہمیں ان چیزوں کی ضرورت ہے اور اس سے ہم ان کو جو واقعات رونما ہو رہے ہیں اور قابل مذمت جو واقعات رونما ہو رہے ہیں، اس کی روک تھام کیلئے اگر ہم یہ سب کریں، یہ ان کی ضرورت ہے، ٹھیک ہے ان کی ضرورت ہے لیکن جناب سپیکر، اب بنیاد تک کون جائے گا، اس بنیادی مسئلے کو کون حل کریگا، یہ ذمہ داری کس کی ہوگی؟ جناب سپیکر، آج ہماری یہاں اسمبلی ہے اور یہاں پہ ہمارے سارے ذمہ دار ممبران بیٹھے ہوئے ہیں، پورے صوبے سے اس کی نمائندگی کر رہے ہیں تو یہ ہم سب کی ذمہ داری بنتی ہے اور 'سپیشلی' حکومت کی کہ ہم اس مسئلے کو کس طریقے سے حل کریں، اس کا حل ہم نے کیسے نکالنا ہے اور کیا ہم اس دہشت گردی کی جنگ سے اپنے آپ کو نکال سکتے ہیں جس کا خمیازہ آج ہم ان کی پالیسیوں کی وجہ سے بھگت رہے ہیں؟ ان پالیسیوں کو کیا ہم اپنے اس صوبے کے حوالے سے تبدیل کر سکتے ہیں، کیا ہم اپنی حکمت عملی خود طے کر سکتے ہیں؟ یہ جناب سپیکر، سوچنے کی بات ہے اور ہمیں یہ دیکھنا ہے کہ یہ اختیار ہمارے پاس ہے کہ ہم اپنی حکمت عملی کو خود طے کریں اور اس پر چل کر ہم اپنے مسئلے کا حل ڈھونڈیں جناب سپیکر۔ تو جناب سپیکر، یہ انتہائی سنجیدہ

